| سبقی منصوبہ بندی: 1 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40 منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 پہلا دن | اُستاد کا نام: ______ |

سبق کا نام: قُدرتی وسائل کا تحفّظ

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- بیان کر سکیں کہ انسان نے کس طرح قدرتی ماحول کو تبدیل کیا ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں ہمارے ارد گرد موجود اشیا مل کر ماحول بناتی ہیں۔ یہ ماحول لاتعداد قدرتی وسائل سے مالا مال ہے۔ مگر انسانوں کی روز بروز بڑھتی ترقّی سے قدرتی ماحول میں تبدیلیاں پیدا ہو رہی ہیں۔ جس سے ماحول پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر 14 تا 15 قدرتی ماحول میں تبدیلیاں کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بھی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ہماری روز مرہ زندگی کی سرگرمیاں ماحول پر منفی اثرات ڈال رہی ہیں جیسے:
- بڑھتی ہوئی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے جنگلات کا کٹاؤ۔
- فیکٹریوں اور کارخانوں سے نکلنے والا دھواں اور زہریلا پانی اور کوڑا کرکٹ۔
- کیڑے مار ادویات کا اسپرے۔
- ٹریفک اور مشینوں کے چلنے سے پیدا ہونے والا شور و غل۔
- انھیں بتائیں یہ تمام سرگرمیاں نہ صرف جنگلی حیات کے لیے خطرے کا باعث ہیں بلکہ ان کے اثرات کے نتیجے میں انسان بھی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو رہے ہیں۔

- طلبہ سے ان بیماریوں کے نام پوچھیں جو ماحول کے خراب ہونے سے پیدا ہو رہی ہیں۔ انھیں سوچنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مبتلا | مُب۔تَ۔لا | گھرا ہوا |
| مرتّب | مُ۔رت۔تب | ترتیب دینا |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق سوال 1 (الف) طلبہ سے پوچھیں۔ اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

قدرتی ماحول کو مزید کن انسانی سرگرمیوں سے نقصان پہنچ رہا ہے، گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:** ____________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: قُدرتی وسائل کا تحفّظ** |

**سوال 1: درج ذیل سوالات کا جواب لکھیں۔**

**ا۔ ماحول سے کیا مراد ہے؟**

______________________________________

**۲۔ قدرتی ماحول میں تبدیلیوں کی چند وجوہات بیان کریں۔**

______________________________________

______________________________________

______________________________________

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی:2 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام:_____ | ہفتہ:4 دوسرا دن | تاریخ:_______ | وقت:40منٹ |

سبق کا نام: قُدرتی وسائل کا تحفّظ

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آلودگی کی تعریف بیان کر سکیں۔
- آلودگی کی مختلف اِقسام (زمینی، آبی، فضائی اور صوتی) بیان کر سکیں۔
- پیش گوئی کر سکیں کہ اگر تمام قدرتی وسائل ختم ہو جائیں تو کیا ہو گا؟

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

## سبق کا تعارف: 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں مختلف انسانی سرگرمیاں قدرتی ماحول کو خراب کر رہی ہیں جس کی مثال آلودگی ہے جو قدرتی ماحول میں خرابی کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

## طریقہ تدریس: 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 15 تا 16 ''آلودگی'' اور ''قدرتی وسائل میں کمی کے اثرات'' کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں ماحول میں نقصان دہ اجزا کا شامل ہونا، آلودگی کہلاتا ہے۔
- تختہ تحریر پر آلودگی کی اقسام کے نام نمایاں کر کے لکھیں۔
- زمینی آلودگی • فضائی آلودگی • آبی آلودگی • صوتی آلودگی
- طلبہ کو بتائیں زمینی آلودگی کا سب سے بڑا سبب کوڑا کرکٹ ہے اس کے علاوہ فصلوں میں کیڑے مار سپرے سے بھی زمینی آلودگی پھیلتی ہے۔
- فضائی آلودگی کی سب سے بڑی وجہ گاڑیوں کا دھواں ہے آلودہ فضا سے نہ صرف انسان بلکہ جانور بھی بیمار ہوتے ہیں۔ طلبہ سے فضائی آلودگی کی وجوہات پوچھیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

- آبی آلودگی سے مراد زہریلے مادوں کا ندی نالوں اور دریاؤں میں شامل ہونا ہے۔ اس کے علاوہ سمندری پانی میں چلنے والے بحری جہازوں سے تیل کا اخراج بھی آبی آلودگی کا باعث بنتا ہے جو کہ آبی جانوروں کی زندگیوں کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے۔
- صوتی آلودگی دراصل ٹریفک اور مشینی آلات کے شور سے پیدا ہوتی ہے۔
- طلبہ کو مختلف فلیش کارڈز دکھا کر آلودگی کی اقسام واضح کریں۔
- انھیں بتائیں قدرتی وسائل لامحدود مقدار میں نہیں ہیں ان کے بے دریغ استعمال سے قدرتی ماحول کا توازن مسلسل بگڑ رہا ہے اس لیے ہمیں چاہیے کہ قدرتی وسائل کا بے جا استعمال نہ کریں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| بنجر | بن۔ جر | ناقابل کاشت زمین |
| بحران | بُح۔ ران | کمی۔ قلّت |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق سوال ۲ اور ۳ کو کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

آلودگی کو کم کرنے کی تجاویز اپنی کاپی میں لکھیں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قُدرتی وسائل کا تحفّظ |
|---|---|---|

سوال 1: آلودگی کی اقسام کے نام لکھیں۔




سوال 2: آپ کے خیال میں کیا ہوا گر:

| | |
|---|---|
| جنگلات ختم ہو جائیں: | ____________________ ____________________ |
| پانی ختم ہو جائے: | ____________________ ____________________ |

| پہلی سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 تیسرا دن | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: قدرتی وسائل کا تحفّظ

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- قدرتی وسائل کے تحفّظ کے لیے تجاویز دے سکیں۔
- خطرے سے دوچار (نایاب) جانوروں (انڈس ڈولفن، مارخور، کالا ہرن وغیرہ) کی شناخت کر سکیں۔
- خطرے سے دوچار (نایاب) جانوروں کے تحفظ کے لیے تجاویز دے سکیں۔
- ناپید جانوروں (ڈائینوسار وغیرہ) کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو قدرتی وسائل کی اہمیت بتائیں کہ اگر یہ قدرتی وسائل نہ ہوں تو ہماری زندگی بھی ختم ہو جائے گی۔ انھیں آگاہ کریں کہ قدرتی وسائل اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمارے لیے بہت بڑی نعمت ہیں اور ان کی بقا ہمارے لیے بہت اہم ہے۔ طلبہ کو بتائیں جنگلات کے بے جا کٹاؤ سے جنگلی حیات مسلسل خطرے سے دوچار ہیں اور ان کی تعداد کم ہونے کے ساتھ ساتھ، ان کی نسل ختم ہونے کا بھی خطرہ ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 16 تا 18 ''قدرتی وسائل کا بچاؤ'' اور ''خطرات سے دوچار جانوروں کا تحفظ'' کے متن کی پڑھائی کروائیں۔ اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ سے پوچھیں کہ وہ قدرتی وسائل کو بچانے کے لیے کون سے طریقے اپناتے ہیں۔ ان کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- تختہ تحریر پر قدرتی وسائل کے بچاؤ کے اہم نکات لکھتے جائیں جیسے:
  - پانی کے بے جا استعمال سے اجتناب کیا جائے۔

- قریبی جگہوں پر جانے کے لیے گاڑی کی بجائے سائیکل کا استعمال کیا جائے یا پیدل چلیں۔
- درختوں کو غیر ضروری نہ کاٹا جائے۔
- توانائی کے متبادل ذرائع مثلاً شمسی اور آبی توانائی وغیرہ کو استعمال کیا جائے۔

- طلبہ کو بتائیں جنگلات کے کٹاؤ اور جانوروں کے غیر ضروری شکار کی وجہ سے بہت سارے جانوروں کی تعداد میں کمی ہو رہی ہے۔ انھیں بتائیں جن جانوروں کی نسل ختم ہونے کا خطرہ ہو، وہ نایاب جانور کہلاتے ہیں۔
- فلیش کارڈز کے ذریعے طلبہ کو نایاب جانوروں کی تصاویر دکھائیں۔
- طلبہ کو آگاہ کریں کہ ایسے جانوروں کی حفاظت کے لیے ہماری اور حکومت کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ مندرجہ ذیل اقدامات کریں۔ جیسے:
  - درختوں کے کٹاؤ کی روک تھام۔
  - زیادہ سے زیادہ درخت لگانا۔
  - جانوروں کے غیر قانونی شکار پر پابندی اور اس سے اجتناب۔
- طلبہ کو ناپید جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ ایسے جانور پہلے دنیا میں موجود تھے مگر اب ان کی نسل میں سے کوئی جانور بھی موجود نہیں مثلاً ڈائینوسار، تسمانیا کا ٹائیگر وغیرہ۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تحفّظ | تَ۔ حف۔ فظ | بچاؤ، حفاظت |
| شمسی توانائی | شم۔ سی۔ توانائی | سورج کی تمازت سے حاصل ہونے والی توانائی |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق کے سوالات حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سکول میں قدرتی وسائل کے بچاؤ کا دن منائیں۔ قدرتی وسائل کی اہمیت اور اس کے بچاؤ کے طریقے چارٹ پر لکھ کر کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

| نام:__________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قدرتی وسائل کا تحفّظ |
|---|---|---|

سوال نمبر 1: تصاویر میں ناپید جانوروں کی تصاویر پر (×) اور نایاب جانوروں کی تصاویر پر (☆) کا نشان بنائیں۔







